## سوال

(232) عورت کو لحد میں اتارتے ہوئے چادر سے ڈھانپنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ عورت کو قبر میں اتارتے وقت اس کو چادر سے ڈھانپ لیتے ہیں تاکہ لوگ اس کو نہ دیکھیں اس کا کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ ان اعمال میں سے ہے جن پر علماء نے عمل کیا اور اس کو مستحب جانتے ہوئے کہا : ایسا کرنا عورت کے لیے باپردہ ہے کیونکہ اگر اسے بغیر ڈھانپے لحد میں اتارا جائے گا تو بعض اوقات اس کے اعضائے جسم کے کھل جانے کا خدشہ ہوتا ہے لیکن ہمارے ہاں عنیزہ میں لوگ عورت کو ایسی چادر کے ساتھ لحد میں اتارتے ہیں جس سے اس کو ڈھانپا گیا ہوتا ہے پھر جیسے جیسے وہ اینٹیں لگاتے جاتے ہیں چادر کو نکالتے جاتے ہیں تو اس طرح باپردہ تدفین عمل میں آجاتی ہے ۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

## صفحہ نمبر 220

## محدث فتویٰ